## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کا 29واں یوم تاسیس پیر 11 جون کو روایتی جوش وخروش سے منایا جائے گا
## کراچی سمیت سندھ کے 17 زونوں اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں کارکنوں اور ہمدردوں کے اجتماعات منعقد کئے جائینگے
## سرحد اور بلوچستان میں بھی کارکنان کے اجلاس ہونگے۔ کارکنوں کے اجتماعات سے الطاف حسین خطاب کریں گے

کراچی ۔۔۔9، جون 2007ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کا 29واں یوم تاسیس پیر 11 جون کو پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں روایتی جوش وخروش سے منایا جائے گا۔اس سلسلے میں پاکستان میں کراچی سمیت سندھ کے 17 زونوں اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں کارکنوں اور ہمدردوں کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے۔اسکے علاوہ صوبہ سرحد اور بلوچستان میں بھی کارکنان کے اجلاس ہونگے۔کارکنوں کے اجتماعات سے اے پی ایم ایس او کے بانی وقائد جناب الطاف حسین لندن سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔اے پی ایم ایس او کے یوم تاسیس کا مرکزی اجتماع کراچی میں جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوگا۔یوم تاسیس کے اجتماعات کے انعقاد کے سلسلے میں آج اے پی ایم ایس او اور متحدہ قومی موومنٹ کے تمام ونگز اور شعبہ جات کے اراکین کا ایک اجلاس خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوا جس میں 11، جون کو اے پی ایم ایس او کے 29ویں یوم تاسیس کی تقریبات کے انتظامات کو حتمی شکل دی گئی اور تقریبات کے انتظامات کو مربوط اور منظّم بنانے کیلئے مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئیں۔اجلاس کی صدارت رابطہ کمیٹی پاکستان کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر نصرت بھی موجود تھے۔اجلاس میں یوم تاسیس کے پروگرام کو مربوط اور منظّم بنانے کیلئے مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئیں جن میں نگراں کمیٹی ،جلسہ آرگنائزنگ کمیٹی ،اسٹیج کمیٹی ،اسپیچ کمیٹی ،پنڈال کمیٹی ،ساؤنڈ اینڈ لائٹ کمیٹی ،ٹریفک کنٹرول کمیٹی ،میڈیا کمیٹی اور فوڈ کمیٹی شامل ہیں۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کو ختم کرنے کیلئے اس کے قیام سے ہی سازشوں کا سلسلہ شروع ہوگیا تھا اور یہ آج بھی جاری ہے اور باطل پرست قوتیں اے پی ایم ایس او کی حق پرستانہ جدوجہد کو ختم کرنے کے درپے ہیں۔اجلاس میں شریک تمام تنظیمی ذمہ داران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ چاہے کتنی ہی سازشیں کیوں نہ کرلی جائیں ہم اپنی جدوجہد ترک نہیں کریں گے۔

## حب میں بم دھماکے میں ایم کیوایم کے ہمدردوں کے جاں بحق ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔9، جون 2007ء۔۔۔بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے محنت کش محمد یوسف اور محمد منصور ایم کیوایم کے ہمدرد ہیں۔ان کا تعلق اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 123 اور محمد منصور اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 120 سے تعلق رکھتے تھے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بم دھماکے میں ایم کیوایم کے ہمدردوں سمیت تین افراد کی شہادت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بلوچستان میں بم دھماکے، دہشت گردی اور قتل وغارتگری کے واقعات روزمرہ کا معمول بن چکے ہیں اور بلوچستان کی صوبائی حکومت شہریوں کی جان ومال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت جنرل پرویز مشرف اور وزیراعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ حب بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث عناصر کو گرفتار کیا جائے۔رابطہ کمیٹی نے بم دھماکے میں ایم کیوایم کے ہمدردوں سمیت تمام شہداء کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔رابطہ کمیٹی نے بم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کے کارکن ،میڈیکل ایڈ کمیٹی کے رکن اور حق پرست خاتون کونسلر سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔9، جون 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 50 کے کارکن زاہد نقوی کے بھائی زبیر نقوی ،ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے رکن ڈاکٹر آصف عباسی کے والد فخر الدین حیدر عباسی اور لیاری ٹاؤن کی حق پرست کونسلر فوزیہ ارم کی ہمشیرہ ثوبیہ کنول کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن ظہیر احمد کو گولی مار کر شہید کردیا

## الطاف حسین کا اظہار افسوس۔قتل کا واقعہ شہر کا امن خراب کرنے کی سازش ہے۔رابطہ کمیٹی

کراچی ---9، جون 2007ء---مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 175 کے کارکن ظہیر احمد کو فائرنگ کرکے شہید کردیا (اناللہ وانا الیہ راجعون)۔تفصیلات کے مطابق ظہیر احمد جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب اپنی رہائش گاہ پر سو رہے تھے کہ نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے گھر میں داخل ہوکر ان پر فائرنگ کرکے شہید کردیا۔شہید کی عمر 42 سال تھی۔علاوہ ازیں ظہیر احمد شہید کو سخی حسن کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ نارتھ ناظم آباد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی،صوبائی وزیر رؤف صدیقی، نارتھ ناظم آباد کے حق پرست ٹاؤن ناظم ممتاز حمید،حق پرست یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کمیٹی کے ارکان،مقامی ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ظہیر احمد کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کا قتل پرامن کارکنان کو مشتعل کرکے شہر کا امن خراب کرنے کی سازش ہے جسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر جنرل پرویز مشرف اور وزیر اعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ ظہیر احمد شہید کے قاتلوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ظہیر احمد شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکن ظہیر احمد کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## بن قاسم ٹاؤن ابراہیم حیدری کی مختلف برادریوں کے سینکڑوں معززین کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی---9، جون 2007ء---بن قاسم ٹاؤن کی یونین کونسل نمبر 1 ابراہیم حیدری کی مختلف برادریوں کے سینکڑوں معززین نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ان برادریوں میں مگسی،کھوکھر،لاشاری،نوریجا،میانہ،ریلیا،سرائیکی،لکھن،کوہلی،خاصخیلی،سید،میمن،بروہی،جھولانی،بنگالی،برمی اور حاجانو برادریاں شامل ہیں۔یہ اعلان انہوں نے ایم کیوایم ابراہیم حیدری یونٹ کے زیراہتمام منعقدہ ایک اجلاس میں کیا جس میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی یوسف منیر شیخ،کورنگی کے حق پرست ٹاؤن ناظم عارف خان ایڈوکیٹ،ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج عبدالخالق بلوچ اور رکن فرخ اعظم نے شرکت کی۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والی مختلف برادریوں کے معززین نے ایم کیوایم کے نمائندگان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقہ کے جائز حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیوایم نے خلق خدا کی خدمت کو اپنا نصب العین بنا کر دکھی انسانیت کی عملی خدمت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے پیار ومحبت کا پیغام دیکر ملک کی تمام قومیتوں کو متحد کرکے غریب عوام کو آپس میں لڑانے کی سازشوں کو ناکام بنادیا ہے یہی وجہ ہے کہ عوام دشمن عناصر ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈے کرکے عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کرنے کی کوشش کررہے ہیں لیکن باشعور عوام اپنے اتحاد سے ان گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنادیں گے۔قبل ازیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ بلاامتیاز رنگ ونسل اور زبان ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی عملی خدمت پر پختہ یقین رکھتی ہے اور تمام تر مصائب ومشکلات کے باوجود عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھے گی۔انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے معززین کا خیر مقدم کیا اور انہیں دلی مبارکباد پیش کی۔

☆☆☆☆☆